تاجدارِ رسالت محمد ہے

تاجدارِ رسالت محمد ہے آفتاب جلالتِ محمد ہے
رب نے بھیجی جو نعمت رحمت کی وہی رحمت کی آیت محمد ہے
پائی تفضیل ھر اِک نبی اوپر اور رُسلُ پہ سیادت محمد ہے
صلوات و سلام کی جس اوپر رب نے کی ہے عنایت محمد ہے
کہاں "لولاک" باری تعالی نے وہ محلِّ اِشارت محمد ہے
انبیاء کو پڑھائی امامت ہے وہ ھمام امامت محمد ہے
شبِ معراج پہنچے براق پہ جو نزدِ رب بہ کرامت محمد ہے
عربِی ھاشمی مکیِّ مدنی شاہِ ملکِ امامت محمد ہے
سارے اسلام کی اور ایمان کی کرتے ہر آں حفاظت محمد ہے
باغ میں بلبلوں کی گلوں پر ثناء پُر بلاغت فصاحت محمد ہے
ہے عجب خوش نصیب ربیع کا ماہ جس میں پائے ولادت محمد ہے

طیب العصر کی خاص کرسی کی　　پائی شانِ کرامت محمد ہے
مصطفی مرتضی طیب وفاطمہ　　پائے سب کی وِراثت محمد ہے
سب شریعت کے اعمال کہ جس میں　　آئے روح ولایت محمد ہے
شہنشاہ دو عالم طیب اور　　سیف دیں کی شباہت محمد ہے
ستر کے دور کی شبِ تاریک میں　　ماہ تابِ ہدایت محمد ہے
جاودانی حیات محمد ہے　　اور نورِ بصارت محمد ہے
عرض کر اے نسیم سلام جہاں　　تاجدار رسالت محمد ہے

اے یمانی محافظ یہاں پر تیرا
اور روزِ قیامت محمد ہے

*****